سوئٹزرلینڈ ...... جولائی (اے پی پی) صدر پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو نے ... افغانستان میں انقلاب کے بارے میں کوئی فوری تبصرہ نہیں کیا ہے ... دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے بھی افغانستان کی صورت حال پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ہم صورت حال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اس وقت اس سے زیادہ تبصرہ نہیں کر سکتے کہ ہم افغانستان کی حکومت اور عوام سے اچھے تعلقات کے خواہشمند ہیں اور اس کے لیے ہماری کوششیں جاری رہیں گی۔ ترجمان نے بتایا کہ یہاں موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق افغانستان میں پاکستانی عملہ سلامت ہے۔

آزاد کشمیر کے ترقیاتی پروگرام کیلئے ۸ کروڑ روپیہ

اسلام آباد ...... جولائی (اے پی پی) ایک سرکاری اعلان کے مطابق حکومت پاکستان نے ۷۴-۱۹۷۳ء کے آزاد کشمیر کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی تکمیل کے لیے ... کروڑ روپے کی رقم منظور کی ہے۔ اس رقم میں ... تعمیراتی پروگرام کے مصارف کے ... لاکھ روپے بھی شامل ہیں۔

انڈیا میں ... ایک ... نوجوان کی موت

... شبیر احمد ... مرحوم ...

ادارہ ... مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا گو ہے۔

تفصیل کے لیے جناب امان اللہ خان شبلی سے رابطہ قائم کریں۔

ٹیلیفون: 425-3348 (گھر) 929-0124 (بزنس)

12.40 BAY STREET
TORONTO ONT.

... جولائی (...) ... پاکستان ... ایران اور پاکستان ... افغانستان ...

thé Store

VISIT US FOR A COMPLETE SHOPING SERIVCE

AFRO ASIAN
916 PAPE AVE TORONTO
CALL 463-1287

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

TRAVEL BOOTH

THE LATEST TRAVEL INFORMATION CENTRE

CALL 630-4445

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

GRAND OPENING

Mid-August

ASIAN FOOD CENTRE

HALAL MEAT

MASALAS

BASMATI RICE DALS

VEGTABLES



CONDIMENTS

ASIAN FOOD CENTRE

1272 BLOOR ST.W

ایران کی اسلحہ بندی پر بھارت کی بے چینی!

جگجیون رام روس سے اسلحہ لینے گئے

بھارت کے وزیر دفاع آنجہانی جگجیون رام گزشتہ دنوں دس روزہ دورہ پر ماسکو پہنچے تھے۔ ان کے اس دورہ کا مقصد ایران کی ہتھیار بندی کے جواب میں روس سے اسلحہ حاصل کرنا ہے۔ بھارت کے دفاعی پالیسی ساز جو آئندہ پانچ برس کے لئے جنگی منصوبہ تیار کرنے میں مصروف ہیں ایران کے وسیع پیمانے پر ہتھیار خریدنے کے بعد اب اپنے منصوبہ کے اندازوں اور تفاصیل میں ردوبدل پر مجبور ہیں۔

بھارت کے لئے ایران کی اسلحہ بندی دوہرے خطرہ کی حامل ہے۔ اول ایران ایک ایسا ملک ہے جو بھارت کی نظر میں اسٹرٹیجک اہمیت رکھتا ہے۔ اور خود بھارت کی سرحدوں کے قریب ہے۔ اچانک ایک اہم فوجی طاقت کی حیثیت لے سامنے آیا ہے۔ یہ بات بھارت کے لئے بڑی تشویش کا باعث ہے۔ ایران کی بڑھتی ہوئی طاقت سے بھارت کیلئے جو دوسری تشویش پیدا کی ہے وہ یہ ہے کہ شاہ ایران نے خود کو پاکستان کا محافظ قرار دیدیا ہے۔

اپنے دورۂ تہران سے کچھ عرصہ قبل صدر بھٹو نے پاکستان میں پاک ایران تعلقات پر بعض حلقوں کی نکتہ چینی کا جواب بعض تفاصیل بیان کرتے ہوئے دیا تھا کہ کس طرح ایران نے دسمبر ۱۹۷۱ء کی جنگ کے دوران پاکستان کی مدد کی تھی۔ بھارت کو پہلے ہی اس مدد کا علم حاصل رہا ہے۔ لیکن صدر بھٹو نے اس ضمن میں جو تفاصیل بیان کیں وہ بھارتیوں کی معلومات سے کہیں زیادہ تھیں۔ بھارت کے فوجی ماہرین خوفزدہ ہیں کہ

آئندہ کی کسی جنگ میں ایرانی اسلحہ کی ایک معقول مقدار پاکستان منتقل کی جا سکتی ہے۔ مثلاً ایران امریکہ سے نئے طیارے خرید رہا ہے۔ ان میں کچھ پاکستان کو منتقل کر سکتا ہے۔ ایران برطانیہ سے آٹھ سو چیفٹن ٹینک خرید رہا ہے اس سے ایران کے پاس پہلے سے موجود ... ٹینک فالتو ہو جائیں گے پاکستان کو یہ بطور تحفہ یا معمولی قیمت پر مہیا ہو سکتے ہیں۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایران ساحل مکران سے صرف پچاس میل کے فاصلہ پر چاہ بہار کے مقام پر ایک بحری اور ہوائی اڈہ تعمیر کر رہا ہے۔ اس ریجن میں اتنا بڑا اڈہ اور کوئی نہیں۔ چونکہ بھارتی بحریہ کی بحیرہ عرب میں برتری نے ۱۹۷۱ء کی جنگ میں نتیجہ خیز کردار ادا کیا تھا بھارتی بحریہ کے اعلیٰ افسر قدرتی طور پر خبردار ہو گئے ہیں کہ مستقبل میں پاکستان اور بھارت کی جنگ کے دوران ایران کا جدید ترین بحری بیڑہ پاکستان کی مدد کے لئے آ سکتا ہے۔ ان خدشات کا جواز ہو سکتا ہے لیکن جو بات انہیں حقیقی بناتی ہے وہ یہ ہے کہ شاہ ایران بار بار کہہ رہے ہیں کہ وہ پاکستان پر کسی حملہ کی یا اسے توڑنے کی

اجازت نہیں دیں گے۔ صدر بھٹو کے دورۂ ایران کے موقع پر جاری کردہ مشترکہ اعلامیہ اور سینٹو کا اخبار جو کمیونسٹ مخالف اتحاد کی حیثیت کھو بیٹھا تھا مذکورہ خدشات کو اور بھی تقویت دیتے ہیں۔

اگر ایران و پاکستان کے بڑھتے ہوئے دوستانہ تعلقات کافی نہ بھی ہوں تو بھی بھارتی پالیسی ساز اس بات سے پریشان ہیں کہ ایران کی اسلحہ بندی کو (شاہ کے اپنے الفاظ میں) امریکہ کی حمایت حاصل ہے جب کہ امریکہ کے ساتھ بھارت کے تعلقات ۱۹۷۱ء کی جنگ کے بعد ... نہیں رہے

بھارت میں ایک بھی شخص ایسا نہیں جو اس بات میں یقین رکھتا ہو کہ امریکہ ایران کو جدید ترین ہتھیار محض اس لئے دے رہا ہے کہ شاہ ایران خلیج فارس کی حفاظت کر سکیں جہاں سے مغربی ممالک کو کثیر مقدار میں تیل مہیا ہوتا ہے بھارتیوں کی نظروں میں امریکہ کے مقاصد کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ روس کے خلاف دفاعی نظام کے قیام سے قطع نظر اس کا مقصد بھارت کے خلاف ایک توازن قائم کرنا ہے۔ کیونکہ پاکستان اب یہ کردار ادا کرنے کے قابل نہیں رہا۔ بھارتی حلقے ... ایران اور اس کے ساتھی کی حیثیت میں پاکستان کی ثانوی حیثیت گزشتہ عشرہ ۶۰-۱۹۵۰ء کے مقابلہ میں اگرچہ برعکس عمل ہو گا۔ لیکن امریکہ اس ریجن میں ایسی طاقت کھڑی کرنا چاہتا ہے واشنگٹن، تہران اور اسلام آباد کے اس "اتحاد ثلاثہ" کا سامنا کرنے کے لئے بھارتی ہر قسم کا اقدام کرنا چاہتے ہیں۔ یہی وہ نقطہ ہے جہاں پر بھارت کا روس کے ساتھ بندھن اور فوجی تعاون مضبوط ہوتا ہے۔ دونوں ملک پہلے ہی کسی فوجی خطرہ کی صورت میں باہمی صلاح مشورہ کرنے کے معاہدہ میں منسلک ہو چکے ہیں۔

بھارت کے پالیسی ساز اس بات کا احساس رکھتے ہیں کہ عراق اور خلیج فارس کی دوسری ریاستوں کے دوستانہ تعلقات اس کے باوجود کہ یہ ریاستیں شاہ ایران کی ترجیح پسندانہ خواہشات کے بارے میں شکوک رکھتی ہیں محدود ہی رہیں گے۔ شاہ ایران نے اپنی اس خواہش کو چھپانے کی کبھی کوشش نہیں کی کہ وہ بحر ہند کی طاقت بننا چاہتے ہیں۔ اور یہ کہ وہ اپنے ملک کو سوئز کے مشرق اور جاپان کے مغرب میں سب سے بڑی طاقت بنانا چاہتے ہیں) اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بھارتی وزیر دفاع کا دورہ ماسکو فوری تقاضوں اور طویل المیعاد مقاصد کے ضمن میں ہے۔

(بشکریہ گارڈین لندن)

فرمودۂ اقبال

گرم ہو جاتا ہے جب محکوم قوموں کا لہو
تھرتھراتا ہے جہانِ چار سو و رنگ و بو
پاک ہوتا ہے ظن و تخمیں سے انساں کا ضمیر
کرتا ہے ہر راہ کو روشن چراغِ آرزو
وہ پرانے چاک جن کو عقل سی سکتی نہیں
عشق سیتا ہے انہیں بے سوزن و تارِ رفو

(ضربِ کلیم)

پاکستان کو بنگلہ دیش میں صرف کئے گئے قرضے ادا نہیں کرنے پڑیں گے

کراچی۔ جولائی (پ پ ا) سرکاری حلقوں نے بتایا ہے کہ پاکستان کو بنگلہ دیش میں صرف کئے گئے قرض ادا نہیں کرنا پڑیں گے ایک تسلی بخش سمجھوتہ طے پا گیا ہے جس کے تحت ان قرضوں کی ادائیگی کو نادہندگی تصور نہیں کیا جائے گا۔

جن ملکوں نے پاکستان کو قرض دیا ہے ان کے اپنے ملک میں قانون رائج ہے یا قرض دینے کی ضوابط میں یہ شرط رکھوائی جاتی ہے جس کے تحت اگر قرض کی ایک قسط ادا نہ کی جائے تو از خود اس ملک کو نادہندہ قرار دے کر مزید قرض روک دیا جاتا ہے۔ یا اگر قرض کی کسی قسم کی ادائیگی باقی ہو تو وہ نہیں دیا جاتا۔ یہ پاکستان کے ماہرین کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ پاکستان اس معاملے میں قرض خواہوں کو قائل کرنے اور مزید قرض کے حصول میں کامیاب ہو گیا ہے۔

سر راہے

حکومتی پارٹی کے موجودہ ناظر نے اپنے سوال اول پر کہ ... اور نوائے وقت کے عنوان سے یہ غلط رپورٹ شائع کی ہے کہ گزشتہ ہفتوں میں امتحانی قائدوں کی نیز بھی ملاقات کے دوران نوائے وقت کے نمائندے کو کسی ذریعہ سے خبر جناب عبدالحفیظ پیرزادہ کو جب یہ اطلاع ملی کہ صدر نکسن نے صدر بھٹو سے ملاقات کی یہ شرط پیش کی تھی کہ پہلے پاکستان بنگلہ دیش کو تسلیم کرے یا صدر بھٹو اور یحییٰ خان میں ملاقات ہو تو پھر پاکستان اور امریکہ میں بات چیت ہو گی اس پر جناب پیرزادہ نے کہا ... کوئی شرط نہیں انہوں نے متعلقہ اخبار نویس سے اس اطلاع کا ذریعہ پوچھا اور یہ لکھ دیا "مسٹر نکسن" ... نوائے وقت کے ... رہتے ہیں ... خبر ... یہ ... اس لئے ...

کاش ... کہ یہ اطلاع پیرزادہ صاحب کو نوائے وقت کے نمائندے نے نہیں بلکہ پاکستان ٹائمز اخبار (امروز) کے نمائندے نے دی ہوتی ... ان کا ... ہی ... سفارت خانوں سے زیادہ تر انہی کا رابطہ رہتا ہے۔ وہ بیک وقت شمالی کوریا اور روس کے ساتھ ساتھ امریکہ کے سفارتی دفاتر میں بھی دیکھے جاتے ہیں یقین نہ ہو تو ان کیمونسٹ ملکوں کے دفاتر اطلاعات کے حسابات دیکھ لیجئے۔ تراجم، مضامین کتابیں وغیرہ کا حق الخدمت زیادہ تر انہی ترقی پسند صحافیوں نے وصول کیا ہے اور اندرون خانہ کی خبر بھی یہی رکھتے ہیں۔ رہے عبدالحفیظ پیرزادہ صاحب تو ان پہ چاروں کے اعصاب پر اگر نوائے وقت سوار ہے اور انہیں امروز اور نوائے وقت کے نمائندے میں کوئی فرق نظر نہیں آتا تو اس کا کیا علاج!

پاکستان کے پہلے وزیر اعظم خان لیاقت علی خان مرحوم کے دورہ امریکہ کے بعد یہاں پاکستان کے ہر سربراہ کو امریکہ کا چکر کاٹنا ایک فیشن بن گیا ہے۔ ناظم الدین اور غلام محمد سے لے کر اسکندر مرزا اور سہروردی تک سبھی یہ تہمت لیتے رہے اور ایوب خان کے بارے میں تو بعض لوگ یہ کہتے تھے کہ اس کی کلائی پر جو گھڑی بندھی رہتی ہے وہ دراصل دو طرفہ وائرلیس سیٹ ہے جس کا رابطہ ہمیشہ واشنگٹن سے رہتا ہے اور وہ جب چاہیں امریکی سربراہ سے بات کر سکتے ہیں۔ ہمارے خیال میں وہ گھڑی اب ٹرسٹ والوں کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔ دیکھیں اب پیرزادہ صاحب اس اطلاع کا ذریعہ معلوم کرنے کے لیے کس کس ترقی پسند صحافی کی گھڑی کا جائزہ لیتے ہیں۔

ہم ... مرحوم ... کی پوزیشن ... پیرزادہ صاحب ... نوائے وقت اور ... کے ... میں کیا سلوک بھی ... کبھی یہ نہیں کہا کہ صدر نکسن نے صدر بھٹو سے ملاقات کے لیے کوئی شرط پیش کی ہے۔ پیرزادہ صاحب ... نوائے وقت ... ہوئی ... ہونا چاہئے ... پالیسی ... بتایا ہے ... کے لیے ... رہتے ہیں ...

... ان ... بجٹ ... روٹی ... مہنگائی ... اور ... نہری پانی کی مالیت ... کے ... قرضے بھی ... رہتے ہیں لیکن جزوی ناموں کے شہرت یافتہ ترکی وزیر صحت شیخ رشید صاحب کچھ زیادہ ہی حساب دان واقع ہوتے ہیں۔ انہوں نے جزوی ناموں کی طفیل ادویہ کی قیمتوں میں اضافہ چار فی صد کمی کا جو لطیفہ پیدا کیا تھا ابھی اس پر طنز و مزاح کا شور پوری طرح فضا میں تحلیل نہیں ہو پایا کہ اب گل

ایں گل دیگر شگفت

کے مصداق انہوں نے پھر حساب کتاب کی بات کی ہے۔

شیخ محمد رشید صحت کے ساتھ زراعت میں بھی درک رکھتے ہیں چنانچہ انہوں نے فرمایا ہے کہ امداد باہمی کے اصولوں پر کھیتی باڑی کی سکیم اگر کامیاب ہو گئی تو زرعی پیداوار میں شروع ہی سے سو گنا اضافہ ہو جانے کی توقع ہے اور ملک نہ صرف خوراک کے اعتبار سے خود کفیل ہو جائے گا بلکہ برآمد کرنے کے لیے بھی خاصا اناج بچ جایا کرے گا۔ یہ کوآپریٹو فارمنگ سکیم آئندہ فصل ربیع سے شروع کی جا رہی ہے۔

جزوی ناموں کے طفیل ادویہ کی قیمتوں میں شیخ صاحب کے حساب کتاب کا حشر تو ہم دیکھ چکے ہیں اب دیکھئے یہ امداد باہمی کے اصولوں پر کاشت روس و سوشلسٹ ملکوں میں اجتماعی کاشت کے نام سے عوام کے لیے عذاب کا موجب بنی ہوئی ہے، کیا رنگ اختیار کرتی ہے۔ ہم تو ملک و ملت کے بارے میں یہی دعا کر سکتے ہیں کہ

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے

پاکستان اب بھی بھارت کی ہم پلہ قوت ثابت ہو سکتا ہے: صدر بھٹو

پاکستان جیسے اتحادی ملک سے امریکہ کا رویہ مناسب نہیں رہا

بنگلہ دیش کے مسئلے کو سفارتی سودے بازی کے لیے استعمال کیا جائیگا۔ نیوز ویک

کراچی۔ جولائی (پ پ ا) صدر بھٹو صدر نکسن کے ساتھ عنقریب ہونے والے مذاکرات میں اس بات پر زور دیں گے کہ برصغیر کو امریکی ہتھیاروں کی فروخت پر سے پابندیاں دور کر دی جائیں نیوز ویک کے نامہ نگار لورین جینکنز نے اپنی حالیہ ملاقات کی روداد لکھتے ہوئے اس امر کا انکشاف کیا ہے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ ۱۹ ماہ گزرے برصغیر کی مختصر لیکن انتہائی وحشیانہ جنگ کے دوران امریکہ کے صدر نکسن نے اپنے پالیسی سازوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ پاکستان کے حق میں جھکاؤ پیدا کریں وہ شخص صدر بھٹو جسے اس جھکاؤ سے سب سے زیادہ فائدہ پہنچا اگلے ہفتے واشنگٹن پہنچ رہے ہیں جہاں وہ صدر نکسن سے بات چیت کریں گے اسلام آباد میں امریکی نامہ نگار سے گفتگو کے دوران صدر بھٹو نے بتایا وہ اپنی ملاقات کے دوران یہ اپیل کریں گے کہ وہ برصغیر کو جدید ترین ہتھیاروں کی فروخت پر سے پابندیاں دور کر دیں

انہوں نے یہ بات چھپانے کی کوشش نہ کی کہ امریکہ اپنے حلیفوں کے ساتھ بڑا ہی نامناسب سلوک کرتا ہے صدر بھٹو کا حوالہ دیتے ہوئے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ انہوں نے کہا کہ اب امریکہ غیر جانبدار عرب ملکوں کو ہتھیار فراہم کرنے کے وعدے کر رہا ہے جو کبھی اس کے اتحادی نہ تھے جدید ہتھیاروں کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہم اب بھی اس پوزیشن میں ہیں کہ بھارت کے مساوی قوت بن سکیں پاکستان کی داخلی صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ صدر بھٹو اس پوزیشن میں ہیں کہ وہ جب چاہیں بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیں بعض مبصرین کا کہنا ہے کہ وہ اس حربے کو سفارتی سودے بازی کے طور پر استعمال کریں گے۔ نامہ نگار نے یہ بھی لکھا ہے کہ داخلی محاذ پر صدر بھٹو کو صرف افراط زر سے پریشانی ہے جس نے ضروریات زندگی کی قیمتوں میں ۱۵ سے ۲۰ فیصد اضافہ کر دیا ہے۔

بنگالیوں کا آخری گروپ بھی ڈھاکہ پہنچ گیا

ڈھاکہ۔ جولائی (رائٹر) حکومت پاکستان نے جن ... بنگالی شہریوں کو بنگلہ دیش جانے کی اجازت دی تھی ان کا چوتھا اور آخری گروپ آج صبح افغان ایئر لائنز کے طیارے کے ذریعے ڈھاکہ پہنچ گیا واپس آنے والے کل بنگالی شہریوں میں سے پانچ افراد بیماری کے باعث روانہ نہ ہو سکے۔ اب انہیں صحت یاب ہونے پر واپس روانہ کر دیا جائے گا بنگالیوں کا پہلا گروپ ... ڈھاکہ کے لئے روانہ ہوا تھا جب کہ ... دوسرے روز ... طیارہ ... ہیں ... ڈھاکہ روانہ ہوئے تھے

تارکین وطن کے لئے برطانوی وزیر داخلہ کی نئی یقین دہانی

لندن۔ جولائی (بی بی سی) برطانوی وزیر داخلہ نے دارالعوام کو یقین دلایا ہے کہ غیر قانونی طور پر برطانیہ میں داخل ہونے والے افراد کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر تلاش نہیں کیا جائے گا اور اس سلسلہ میں ضروری ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔ اس سے قبل حزب اختلاف نے دارالعوام میں یہ تحریک پیش کی تھی کہ برطانیہ میں مقیم تارکین وطن کو ڈرایا دھمکایا اور بلیک میل کیا جا رہا ہے اور یہ بات انتہائی افسوسناک ہے حکومت برطانیہ کو اس بلیک میلنگ کا خاتمہ کرنا چاہئے اور تارکین وطن کو تلاش کرنے کی مہم بند کر دی جانی چاہئے۔

روس کے فولاد کے ماہرین کی آمد

کراچی۔ جولائی (پ پ ا) روس کے فولادی ماہرین کی ایک آٹھ رکنی ٹیم کل شب ماسکو سے یہاں پہنچ رہی ہے تاکہ ... مل کے لیے تیار کی جانے والی تفصیلی پراجیکٹ رپورٹ پر حتمی گفت و شنید کی جا سکے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ ٹیم ایک ماہ قیام کرے گی اور ماسکو واپس جا کر پیپری سائٹ سٹیل مل کے منصوبے کے لیے ایک تازہ رپورٹ تیار کرے گی۔

علمائے دین نے اسلامی ترقیاتی بنک کے قیام کی منظوری دے دی

بنک کے قیام کے سلسلہ میں ۱۲ جولائی کو جدہ میں اقتصادی ماہرین کا اجلاس ہو گا

جدہ۔ جولائی (ا س ا) مؤتمر عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل ... نے حال ہی میں یہ انکشاف کیا کہ جدہ کے ممتاز علمائے دین نے اسلامی ترقیاتی بنک کے قیام کی تجویز کے حق میں فتویٰ دے دیا ہے۔ مجوزہ بنک کے اقتصادی شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ... کے مطابق بین الاقوامی اسلامی ترقیاتی بنک کے منصوبے کے متعلق تمام تجاویز اور ضروری تفصیلات بڑے بڑے فقیہان اور ممتاز علمائے کرام کو ارسال کر دی گئی تھیں چنانچہ انہوں نے مکمل سکیم کے بعد منصوبہ منظور کر لیا ہے۔ ڈاکٹر ... نے کہا کہ ملائیشیا نے اسلامی ترقیاتی بنک کے منصوبے کی پرزور حمایت کی ہے اور ملائیشیائی حکام اور ماہرین نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بین الاقوامی اسلامی بنک کا قیام عالم اسلام کے اتحاد اور متحدہ اقتصادی جدوجہد میں بڑا مفید کردار ادا کر سکے گا۔ چنانچہ حکومت ملائیشیا مجوزہ اسلامی بنک کے قیام کیلئے سرمائے میں ... ڈالر دینے کا وعدہ کر چکی ہے۔ ڈاکٹر ... نے کہا کہ چند اسلامی ممالک ... بنک کے بنیادی ممبر بننے کے خواہشمند ہیں۔ ... ہے کہ ۱۲ جولائی کو اس سلسلہ میں جدہ میں اقتصادی ماہرین کی کانفرنس منعقد کی جائے۔ انہیں پوری توقع ہے کہ بنک کے قیام میں سب سے اول سعودی عرب، مصر، کویت، عراق، مراکش، ایران اور لیبیا شامل ہوں گے اور ملائیشیا اور پاکستان کے ساتھ بھی بات چیت ہو رہی ہے۔

فضل القادر چودھری مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ

لاہور۔ ۱۹ جولائی۔ قائم مقام صدر پنجاب مسلم لیگ چودھری محمد اقبال ... نے اعلان کیا ہے کہ سابق سپیکر قومی اسمبلی مسٹر فضل القادر چودھری مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ کل بروز جمعہ ۲۰ جولائی چھ بجے شام پنجاب مسلم لیگ کے دفتر واقع ۴۴ ڈیوس روڈ میں ادا کی جائے گی اور نماز جنازہ کے بعد مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کرائی جائے گی۔ انہوں نے مسلمانان لاہور سے اپیل کی ہے کہ وہ غائبانہ نماز جنازہ اور قرآن خوانی میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

جنگی قیدیوں پر مقدمے چلائے گئے تو یہ عالم اسلام کی ہمدردیاں کھو بیٹھیں گے

بھارت کا فائدہ اسی میں ہے کہ تمام قیدیوں کو واپس بھیج دے: مؤتمر عالم اسلامی

راولپنڈی۔ ۱۹ جولائی (پ پ ا) مؤتمر عالم اسلامی کے وفد کے لیڈر ... نے کہا ہے کہ اگر بھارت اور بنگلہ دیش کی حکومت نے جنگی قیدیوں پر مقدمے چلانے کے فیصلہ سے دستکش ہونے کا اعلان نہ کیا اور پاکستانی سپاہیوں پر مقدمے چلائے تو یہ دونوں عالم اسلام کی ہمدردیاں کھو بیٹھیں گے۔ ریڈیو پاکستان سے ان کا ایک انٹرویو نشر کیا گیا جس میں انہوں نے کہا کہ یہ بھارت اور بنگلہ دیش کے اپنے فائدے کی بات ہے کہ پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کا خیال دل سے نکال دیں کیونکہ یہ مسئلہ برصغیر میں حالات کو معمول پر لانے کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ تمام دنیا کے اسلام پاکستانی جنگی قیدیوں کی بھارت میں مسلسل نظر بندی سے سخت پریشان ہے

صدائے پاکستان

۱۸-۱۰ اے پاکستان: پوسٹ بکس ۲۰۳ ٹیشن رڈ، لاہور
یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان

پوچھ اس سے کہ مقبول ہے فطرت کی گواہی
تو صاحب منزل ہے کہ بھٹکا ہوا راہی
کافر ہے مسلماں تو نہ شاہی نہ فقیری
مومن ہے تو کرتا ہے فقیری میں بھی شاہی
کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسا
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی
(بال جبریل)

خارجی مشینری مؤثر و فعال بنانے کی ضرورت!

[illegible] خطاب کرتے ہوئے [illegible] کانفرنس [illegible]

سفیروں نے شرکت کی تھی کانفرنس میں سیاسی، ثقافتی، تجارتی اور اقتصادی [illegible] معاملات پر غور کیا گیا بلکہ اس میں ایک رپورٹ بھی مرتب کی گئی جو صدر مملکت کو پیش کر دی گئی ہے۔

اس قسم کی کانفرنسوں کی اہمیت و افادیت مسلم ہے۔ ایسی کانفرنسیں ماضی میں بھی منعقد ہوتی رہی ہیں۔ اور ان کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ دنیا کے عصری حالات کا جائزہ لینے اور سفیروں کے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں خارجہ پالیسی کو مؤثر طور پر بروئے کار لانے کے لیے تازہ امکانات اور نئے مواقع کا جائزہ لینے کا موقع ملتا ہے۔ لیکن اس حقیقت کا اعتراف کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ اس قسم کی کانفرنسیں اسی صورت میں مفید و نتیجہ خیز ثابت ہو سکتی ہیں۔ جب ان میں شریک ہونے والے اپنے فن (سفارت) میں ماہر ہوں۔ وہ دوسرے ملکوں کی خارجہ پالیسی پر نظر رکھتے اور ان کے مقاصد و مفادات کی روشنی میں اپنی حکومت کو مفید مشورے دینے کی صلاحیت سے بہرہ ور ہوں ورنہ ایسی کانفرنسوں کی حیثیت

نشستند و گفتند و برخاستند

کے سوا کچھ نہیں رہتی۔

بدقسمتی سے ہماری سفارتی مشینری شروع سے ہی نکتہ چینی اور تنقید کا ہدف بنی ہوئی ہے۔ اس کے متعلق یہ شکایت بڑی عام ہے کہ اکثر و بیشتر سفیر اور سفارتی عملہ کے ارکان سفارش و قرابت کے طفیل فارن سروس میں آ گئے ہیں۔ وہ اس ذہانت و قابلیت سے محروم ہیں جو اس سروس یا پیشہ کا خاص مقصود ہوتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ اپنے منصبی فرائض سرانجام دینے اور ملک و ملت کی [illegible] خدمت سرانجام دینے میں ناکام رہے ہیں۔ [illegible] اپنی رہائش، رفتار رکھنے کے لیے تمام [illegible] میں اپنے عہدوں، دعوتوں اور [illegible] پوری کرتے رہتے ہیں۔ کچھ ایسے بھی ہیں جو دور نگاہی کرتے ہیں اور بڑے صاحبوں کا کاروبار چلاتے ہیں۔ بعض محض عیاشی اور تفریح کے لیے بیرون ملک گئے بیٹھے ہیں۔ الغرض اس ضمن میں طرح طرح کی حیرت انگیز داستانیں آئے دن پڑھنے سننے میں آتی رہتی ہیں۔ ہماری سفارتی مشینری کے نااہل اور ناکارہ ہونے کا سب سے زیادہ شدت کے ساتھ احساس اس وقت ہوا تھا جب مشرقی پاکستان میں بھارتی سرزمین سے تخریب کاروں، قاتلوں، غداروں کے ذریعے بھارت نے کھلی جارحیت کی تو اپنے غلط اور گمراہ کن پروپیگنڈے کے ذریعے دنیا کے سامنے "انسانیت کشی" کا رنگ دینے میں کامیاب ہو گیا اور ہم اپنا برحق، جائز اور صحیح موقف بھی پیش نہ کر سکے اور نہ دنیا کو یہ بتا سکے کہ بھارتی حملہ آوروں، مکتی باہنی، عوامی لیگ کے غنڈوں، بھارتی تخریب کاروں اور وحشی غنڈوں نے ہزاروں مسلمان عورتوں، بچوں، مردوں اور بوڑھوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا ہے۔

سفارتی مشینری کی نااہلی اور بے اثری کا خود صدر بھٹو بھی کئی مرتبہ اعتراف و اظہار کر چکے ہیں۔ زمام اقتدار سنبھالنے کے بعد انہوں نے اسے مؤثر و فعال بنانے کا عزم ظاہر کیا تھا۔ لیکن ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کی کارکردگی بہتر نہیں ہو سکی۔ اور گزشتہ سترہ اٹھارہ ماہ کے دوران میں جو نئے سفیر مقرر ہوئے ہیں اور سفارتی عملہ کے جن ارکان کا تقرر عمل میں لایا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر و بیشتر ہر لحاظ سے محل نظر ہیں اور ایسے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے تقرر میں سیاسی مصلحتیں، قرابت داریاں اور سفارشیں کارفرما رہی ہیں۔

ہم اس وقت ان تقرروں کی زیادہ تفصیل بیان نہیں کرنا چاہتے اور صرف ایک مثال پیش کرنے پر اکتفا کریں گے۔ عراق اس وقت مشرق وسطیٰ اور خلیج کے علاقے میں "لاڈلا سوویت پروپیگنڈے" کا مرکز بن رہا ہے وہاں بھارتی سفیر اور بھارتی عملہ پوری شدت کے ساتھ پاکستان کے خلاف زہر اگلنے میں مصروف ہیں وہاں بھارتی سفارتی عملہ ہر جگہ ایک مشنری جذبہ کے ساتھ کام کر رہا ہے اور ان کا کام ہر میدان میں پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے۔ پاکستان کو جہاں کہیں تھوڑے رزق کے نوالے سے بھی اسلحہ یا ہتھیار ملنے کی توقع ہوتی ہے بھارتی سفارتی مشینری اسے ناکام بنانے کے لیے ہر ممکن ذریعہ کام لیتی ہے۔ اور اپنی حکومت کو ایسی ایسی معلومات مہیا کرتی ہے کہ پاکستان کے خلاف ایک طوفان کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ عراق میں بھارتی سفارت خانہ کا سب سے بڑا مشن دنیائے عرب کو ہونا ہے کہ اسلام کی بدولت پاکستان کے ساتھ جو روابط استوار ہیں [illegible] کرنا ہے اور شاہ ایران کے حالیہ پاکستان دوست بیانات کے بعد وہ ایران کے خلاف بھی وہاں محاذ کھول رہے ہیں۔ لیکن ہم نے وہاں ایسے شخص کو سفیر بنا دیا ہے جس کا کام پان چبانے کے سوا کچھ نہیں۔ اس ریٹائرڈ سی ایس پی کی قابلیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی ملازمت کے دوران تو ایک دن کے لیے بھی فارن سروس میں نہ رہ سکا اور ریٹائرمنٹ کے وقت اسے ایک دن کی بھی توسیع نہ مل سکی اس کی خوبی یا قابلیت صرف یہ ہے کہ وہ اتفاق سے ایک بڑی کرسی والے کا قریبی عزیز ہے۔

اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ سفارتی عہدوں پر ایسے آدمی فائز کیے جائیں اور سفارتی مشنوں میں ایسا عملہ مقرر کیا جائے جو انگریزی امور اور سفارتی سیاست کے ماہر نہیں تو اس شعبہ کی کچھ شدبد تو رکھتے ہوں جس ملک میں وہ جا رہے ہوں اس کی زبان تو جانتے ہوں۔ وہ ملک و ملت کی خدمت کا جذبہ اور قومی درد رکھتے ہوں اور اپنی کرسیاں برقرار رکھنے کے لیے منافقت، خوشامد، چاپلوسی وغیرہ کو سہارا سمجھنے کی بجائے اپنی اہلیت و قابلیت پر بھروسہ رکھتے ہوں۔ سیاسی مصلحتوں، کسی کو نوازنے کی خواہش یا رشوت و سفارش کے ذریعے جو لوگ سفارتی عہدوں پر فائز ہوں گے یا سفارت خانوں میں جائیں گے ان سے اہلیت و قابلیت کی توقع عبث ہے۔ کوئی میٹرک تک پڑھا ہوا، سفیر یا ناکام وکیل یا ریٹائرڈ افسر امور خارجہ ایسے اہم شعبہ میں ملک و ملت کے لیے کس قدر فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے؟ سفارت ایک خاص فن ہے۔ یہ ایک خاص ذہن اور خاص قابلیت و اہلیت کا متقاضی پیشہ ہے۔ خدا کے لیے اسے نااہلوں اور ناکارہ لوگوں کی دست برد سے محفوظ رکھیے۔

ابھی یہ بھی دیکھنا ہے کہ سوویت یونین، دہلی، افغانستان، عراق اور بھارت کی مدد سے ایشیائی تحفظ کے منصوبہ کو بروئے کار لانا چاہتی ہے اور جس کے صدر نے حال ہی میں افغانستان کے ساتھ دوستی کا معاہدہ کیا ہے) کے بارے میں نئی افغان حکومت کا رویہ کیا رخ اختیار کرتا ہے۔ شاہ ظاہر شاہ نے تو سوویت یونین کے دباؤ کے باوجود پاکستان کے داخلی معاملات میں مداخلت سے انکار کر دیا تھا۔ نئی حکومت کا رویہ کیا ہو گا؟ افغانستان کے عوام کی اکثریت نے "پختونستان" کے شوشے کی کبھی حمایت نہیں کی۔ افغانستان کے بعض دانشور یہ کہتے ہیں اب بھی کوئی کمال محسوس نہیں کرتے رہے کہ اگر "پختونستان" کے اصول کو تسلیم کیا گیا تو اس اصول کی بنا پر ۳۰ فی صد تاجک آبادی کو روسی تاجکستان کا حصہ بنانے سے کون روک سکے گا۔ یہ ممکن ہے ان حقائق کے پیش نظر سردار داؤد خاں پاکستان کے بارے میں حقیقت پسندی کا مظاہرہ کریں۔ لیکن اس ضمن میں سردست حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ افغانستان میں حالات معمول پر آنے کے بعد ہی نئی حکومت کے عزائم معلوم ہو سکیں گے۔ ابھی تو ہم پاکستانی ملت افغان کے لیے دعا ہی کر سکتے ہیں کہ خدا انہیں ہر اندرونی اور بیرونی شر و شرارت سے محفوظ رکھے۔ افغان ہمارے دوست اور بھائی ہیں وہ آزادی کے متوالے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں سمرقند و بخارا کے حشر سے بچائے۔ ہم خود مصیبت و ابتلا میں گرفتار ہیں لیکن پھر بھی ہمیں ان کی دامے درمے سخنے مدد کے لیے تیار رہنا چاہیے ہمیں یقین ہے پاکستان میں نام نہاد پختونستان کی حامی محدود لابی بھی افغانستان کی تازہ ترین صورت حال سے کچھ عبرت حاصل کر کے حقیقت پسند بننے کی کوشش کرے گی۔ آزادی بڑی نعمت ہے اس کا کوئی نعم البدل نہیں۔

قائد اعظم نے فرمایا

ہم استقلال مزاجی ان تھک محنت اور جذبہ ایثار سے پاکستان کو انشاء اللہ ایک عظیم اور منظم قوم بنا دیں گے۔ پاکستان قائم رہنے کے لیے بنا ہے اور زمین پر کوئی طاقت ایسی نہیں ہے جو اسے تباہ کر سکے۔

فروری ۱۹۴۸ء

• پاکستان اور افغانستان!

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کبھی قابل رشک نہیں رہے۔ دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کے اعتبار سے سردار داؤد خاں کی وزارت عظمیٰ کا دور پاکستان کے لیے خاصا پریشان کن رہا ہے۔ یوں تو افغانستان دنیا کا واحد ملک تھا جس نے پاکستان کی اقوام متحدہ میں داخلے کی مخالفت کی تھی۔ لیکن سردار داؤد خاں وہ شخص ہیں جن کے زمانہ اقتدار میں "نیم خود مختار پختونستان" کا مشغلہ پورے زور شور کے ساتھ شروع ہوا تھا۔ انہی کے زمانہ میں "پرچم کا حادثہ" ہوا تھا۔ جب (۱۹۵۵ء میں) پاکستانی سفارت خانہ اور قونصل خانوں پر "افغان ہجوموں" نے حملے کیے تھے اور اس کا ردعمل پشاور میں افغان قونصل خانہ پر حملہ کی صورت میں ظاہر ہوا تھا۔ افغان حکومت نے پاکستانی سفارتی دفاتر پر حملوں کے ضمن میں پاکستان سے معذرت کر لی تھی، سردار داؤد خاں کی وزارت عظمیٰ کے

زر بصیرت

سید عبدالرشید

پہلی تقریر

حضرت صدیق اکبرؓ نے خلافت سنبھالنے کے بعد جو پہلی تقریر فرمائی وہ اگرچہ مختصر تھی مگر معانی کے لحاظ سے اس قدر جامع تھی کہ اس کا جواب کہیں کم ہی نظر آتا ہے۔ اس میں خلیفہ، حکمران اور عوام کے حقوق متعین کر دیے گئے ہیں۔ جو حاکمیت کے بارہ میں غلط نظریات کی بیخ کنی کر دی گئی ہے۔ فرمایا:

اے لوگو! میں تمہارا حاکم بنایا گیا ہوں لیکن میں تم سے بہتر نہیں۔ اگر میں نیک کام کروں تو میرا ساتھ دو۔ اگر برا کام کروں تو مجھے روکو۔ صدق امانت ہے اور کذب خیانت۔ تمہارا کمزور شخص میرے نزدیک قوی ہے۔ جب تک میں اسے اس کا حق نہ دلا دوں۔ اور قوی میرے لیے کمزور ہے۔ جب تک میں اس سے وہ حق نہ لے لوں جو اس کے ذمہ ہے۔ جو قوم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد ترک کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر ذلت و خواری مسلط کر دیتا ہے۔ جس قوم میں بے حیائی پھیل جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر مصائب اور عذاب عام کر دیتا ہے۔ تم میری اطاعت کرو جب تک میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول کی اطاعت کروں۔ اگر مجھ سے کوئی ایسا کام سرزد ہو جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پاک کی نافرمانی کا پہلو نکلتا ہو تو تم پر میری اطاعت واجب نہیں۔

حاکم کو کوئی خدائی اختیار دائمی یا ذاتی حاصل نہیں۔ اس کی حاکمیت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مقبول کے احکام کی اطاعت پر موقوف ہے۔ وہ ان کے احکام کے تابع رہ کر حکومت کر سکتا ہے۔ اگر وہ ان کے احکام کی مخالفت کرے تو عوام اس کی اطاعت سے آزاد ہیں۔ یہ شریعت کا متفق علیہ مسئلہ ہے۔ نیک کاموں میں حاکم کا ساتھ دو۔ برے کاموں میں اس کا ساتھ نہ دو۔ بلکہ اسے برے کاموں سے روکو۔ یہ قرآن پاک کی مشہور آیت کے مطابق ہے کہ نیکی اور تقویٰ میں تعاون کرو۔ گناہ اور زیادتی میں تعاون نہ کرو۔ یہ جو فرمایا کہ صدق امانت ہے اور کذب خیانت۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حاکم کو عوام سے سچی بات کہنی چاہیے۔ انہیں دھوکے میں نہیں رکھنا چاہیے۔ جو حاکم عوام سے جھوٹ بولتا ہے وہ گویا امانت میں خیانت کا مرتکب ہوتا ہے۔

تین فقروں میں سلطنت پالیسی مرتب فرمائی۔ حکومت کا فرض ہے کہ ۱۔ وہ قوم کو جہاد کے لیے تیار کرے اور کافروں کے مقابلہ کے لیے ہمیشہ مستعد رہے۔ ۲۔ ملک میں بے حیائی نہ پھیلنے دے ۳۔ ملک کے اندر عدل قائم کرے۔ طاقتور کمزوروں پر ظلم نہ کر سکیں۔ اور کمزور اپنے حقوق سے محروم نہ رہیں۔

محاسبہ

ارضِ وطن کو عظمتِ اسلام دیجیے
ملت کو اتحاد کا پیغام دیجیے
اپنا محاسبہ بھی کریں احتیاط سے
بے فائدہ کسی کو نہ الزام دیجیے

——— شرقہ بنف شاک

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

جلد ۲ — یکم اگست ۱۹۷۳ — شمارہ ۱۰

میں امریکہ سے اناج لینے کے لیے نہیں بلکہ یہ بتانے جاؤں گا کہ ہمیں آپ کی دوستی پر ناز ہے' صدر بھٹو

اندرا گاندھی کو پاکستان سے سمجھوتہ کر لینے کا مشورہ

نیویارک — جولائی (اے پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے بتایا ہے کہ انہوں نے مسز اندرا گاندھی وزیراعظم بھارت کو دعوت دی ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ سمجھوتہ کر لیں۔ دورہ امریکہ کے التوا کے بعد انہوں نے امریکی جریدہ "ٹائم" کے نامہ نگار کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ میرے دل میں بھارت کے عوام کے لیے کسی قسم کی نفرت کا جذبہ موجود نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ستمبر میں اناج کے حصول کی درخواست لیکر امریکہ نہیں جائیں گے بلکہ ان کے دورے کا مقصد یہ ہوگا کہ امریکہ کو یہ بتایا جائے کہ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ تعلقات پر ناز ہے۔ "ٹائم" نے ... پاکستان اور بھارت کو ختم بر تحسین ادا کیا اور لکھا ہے کہ دونوں برصغیر میں واقعی بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہتر بنانا چاہتے ہیں اور اس کی کوشش میں مصروف ہیں۔ ان کا یقینا مقصد ہے کہ جنگی قیدی واپس آ جائیں اور پاکستان سے کٹ جانے والے مشرقی پاکستان کو آزاد اور خودمختار ملک تسلیم کر لیا جائے۔

ظاہر شاہ روم میں افغان سفارت خانہ میں مقیم ہیں

روم ۱۹ جولائی (رائٹر) افغانستان کے معزول شاہ محمد ظاہر شاہ ابھی تک یہاں اپنے سفارت خانہ میں ٹھہرے ہوئے ہیں وہ جزیرہ اشکیا سے واپسی کے بعد گزشتہ دو روز سے یہاں قیام پذیر ہیں۔ سفارت خانہ نے شاہ کی سرگرمیوں کے بارے میں کسی قسم کی تفصیلات دینے سے انکار کر دیا صرف اتنا معلوم ہو سکا ہے کہ روم میں افغان سفارت خانہ کی عمارت ہی میں ٹھہرے ہوئے ہیں



پیر پگارا متحدہ مسلم لیگ کے صدر منتخب کر لیے جائیں گے

لاہور — جولائی (ٹ) متحدہ مسلم لیگ کے صدر جناب حسن اے شیخ نے مسلم لیگ کی صدارت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انہوں نے اپنے استعفیٰ میں کہا ہے کہ مسلم لیگ کو زیادہ فعال اور متحرک بنانے اور مضبوط بنیادوں پر اس کی تنظیم نو کے لیے میں اپنے سے بہتر آدمی کے لیے جگہ خالی کر رہا ہوں۔ مسلم لیگ کے معتبر ذرائع نے بتایا ہے کہ جناب حسن اے شیخ کے استعفیٰ کے بعد جناب پیر پگارا صاحب مسلم لیگ کے صدر منتخب کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں مسلم لیگ کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس بہت جلد بلایا جا رہا ہے۔ تاکہ نئے صدر کا انتخاب کیا جا سکے۔ یاد رہے کہ پیر صاحب نے کچھ دن قبل ایک پریس کانفرنس میں ایک سوال کے جواب میں کہا تھا کہ وہ مسلم لیگ کی صدارت کے عہدہ کی ذمہ داری قبول کرنے پر تیار ہیں۔ مسلم لیگ کے ذرائع نے بتایا ہے کہ جماعت کے اندر کافی عرصہ سے یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ پاکستان کی بانی اس جماعت کو از سر نو زندہ کیا جائے۔ اور اس کی قیادت مضبوط اور زیادہ اہل ہاتھوں میں دے دی جائے۔ اس ضمن میں پیر صاحب پگارا سے مسلم لیگ کے ذمہ داروں نے صدارت قبول کرنے کی درخواست کی تھی کیونکہ پیر صاحب کی ذات گرامی غیر متنازعہ فیہ ہے اور وہ پرانے مسلم لیگی بھی ہیں۔ ان کی قیادت میں مسلم لیگ پاکستان کو بچانے کے لیے نہایت مؤثر طریقے سے کام کر سکے گی۔

فضل الٰہی چودھری ڈھاکہ سنٹرل جیل میں انتقال کر گئے : اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

جیل میں دل کا دورہ جان لیوا ثابت ہوا
مرحوم محب وطن اور دیانتدار سیاستدان تھے
ان کی موت پر ہر پاکستانی کو صدمہ ہوا ہے

ڈھاکہ ۱۹ جولائی (اے پ۔ ما نٹر) پاکستان کے سابق قائم مقام صدر اور پاکستان قومی اسمبلی کے سابق سپیکر جناب فضل القادر چودھری ڈھاکہ کی سنٹرل جیل میں حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ مرحوم کو گزشتہ سال کے آغاز ہی میں دائیں بازو کے دوسرے سیاست دانوں کے ساتھ ... [illegible]

... کو جیل سے رہا کر دے گی۔ راجہ تری دیو رائے نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش سے بہتر تعلقات کے خواہاں ہیں بنگلہ دیش کو جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کے ارادے ترک کر کے برصغیر میں حالات کو معمول پر لانا چاہیے۔ کونسل مسلم لیگ کے ایک رہنما سید اصغر علی شاہ نے مرحوم چودھری صاحب کی موت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے ... [illegible]

باقی صفحہ آخر کالم ۹ پر

مجھے دلی صدمہ پہنچا ہے — نورالامین

فضل القادر چودھری کی موت ... [illegible]

راولپنڈی ۱۹ جولائی (اے پ) پاکستان کے تمام قائم مقام صدر ... مسٹر فضل القادر چودھری کی اچانک موت ... [illegible]

مرحوم فضل القادر چودھری سابق صدر ایوب خاں اور مشرقی پاکستان کے مرحوم گورنر مسٹر عبدالمنعم خاں کے ساتھ

نام نہاد پختونستان ریڈیو سٹیشن نے نشریات شروع کر دیں

راولپنڈی ۱۹ جولائی (اے پ پ) افغانستان میں ظاہر شاہ کی حکومت کا تختہ الٹنے اور سردار داؤد خان کے برسر اقتدار آنے کے ۳۶ گھنٹے کے اندر اندر افغانستان کے کسی مقام سے نام نہاد پختونستان کے خفیہ ریڈیو سٹیشن نے نشریات شروع کر دی ہیں واضح رہے کہ سردار داؤد نے برسر اقتدار آنے کے بعد اپنی پہلی نشری تقریر میں ... [illegible]

امریکہ افغانستان کی صورت حال کا مطالعہ کر رہا ہے

واشنگٹن ۱۸ جولائی (رائٹر) دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ امریکی حکومت افغانستان کی صورت حال کا بغور مطالعہ کر رہی ہے جہاں گزشتہ روز ظاہر شاہ کی حکومت کا تختہ الٹ کر سردار داؤد خان برسر اقتدار آ گئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کابل کی نئی حکومت کو تسلیم کرنے یا امریکی امداد پر انقلاب کے اثرات کے بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ واضح رہے کہ ۳۰ جون کو ختم ہونے والے سال میں امریکہ نے افغانستان کو ... ڈالر کی غذائی اور فنی امداد دی تھی۔

انڈونیشیا کی طرف سے نئی افغان حکومت کا خیر مقدم

جکارتہ ۱۸ جولائی (اے پ) انڈونیشیا کے وزیر خارجہ مسٹر آدم ملک نے افغانستان کی نئی حکومت کا خیر مقدم کیا ہے نئی حکومت نے کسی فوجی معاہدے میں شریک نہ ہونے کا جو اعلان کیا ہے مسٹر آدم ملک نے اس پر خاص طور پر اظہار مسرت کیا ہے۔

جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کا بل
صدر بنگلہ دیش نے منظوری دے دی

ڈھاکہ — جولائی (اے پ پ) بنگلہ دیش کے صدر نے اس بل کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت بنگلہ دیش حکومت کو پاکستانی جنگی قیدیوں پر بہ الزام جنگی جرائم مقدمہ چلانے کا اختیار حاصل ہو گیا ہے یہ بل ... پارلیمنٹ اتفاق رائے سے منظور کر چکی ہے۔

مقدمات چلانے کے لیے پاکستانی جنگی قیدیوں کو آئندہ ماہ ڈھاکہ منتقل کر دیا جائے گا

[illegible]

روم میں پاکستانی سفیروں کی کانفرنس کا سیاسی اقتصادی اور نشر و اشاعت کے معاملات پر غور کیا گیا

روم ۱۲ جولائی (اے پ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے آج یہاں یورپ اور شمالی افریقہ میں پاکستان کے سفیروں کی تین روزہ کانفرنس ... [illegible]

پیپلز پارٹی کے دستور میں ترمیم کی جا رہی ہے

لاہور ۱۸ جولائی (اے پ پ) وفاقی وزیر قانون مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے انکشاف کیا ہے کہ پیپلز پارٹی سے ہدایات کو عملی شکل دینے کے لیے پارٹی کے دستور میں متعدد ترمیم کی جا رہی ہے۔ ... [illegible]